PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ اطلاع عام

حوالہ نمبر PEF/M&E/2026/:7279 تاریخ:05 جنوری 2026

محترم پیف پارٹنرز/ Licensees (FAS/EVS/NSP/PSRP-I)

عنوان: طلباء کی تصدیق(SIS Verification) مع انفراسٹرکچر(DIGIMON) برائے جنوری تا مارچ 2026

السلام علیکم،

پیف انتظامیہ کی ہدایات کے مطابق ایم اینڈ ای ڈائریکٹوریٹ (M&E) 12 جنوری 2026 سے پنجاب کے تمام اضلاع کے پیف پارٹنر/Licensees سکولز (FAS/EVS/NSP/PSRP-I) میں طلباء کی تصدیق(SIS Verification) کے ساتھ انفراسٹرکچر(DIGIMON) کی جانچ کا عمل شروع کرنے جارہا ہے۔اس عمل کے دوران پیف سے منسلک سکولوں میں صرف نادرا سے B-Form تصدیق شدہ بچوں کی سکولوں میں موجودگی اور ان کے SIS میں درج شدہ کوائف کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔یاد رہے ایسے طلباء جو SIS Verification برائے اکتوبر تا دسمبر 2026-2025 "Not Verified" کی کیٹیگری میں تھے،ان طلباء کا ریکارڈ بشمول نادرا B-Form کی کاپی و دیگر کوائف اور تمام حاضری رجسٹرز کا دستیاب ہونا خصوصی طور پر ضروری ہے۔

سکول مالکان/انتظامیہ کے فرائض میں شامل ہے کہ:-

1. سکول میں SIS Booklet کی Updated کاپی اور اسکے سیریل نمبر کے مطابق طلباء کے داخلہ فارم کی کلاس وائز فائل کی دستیابی یقینی بنائیں۔
2. پیف(PEF) بورڈ کی موجودگی اور اس پر محکمانہ ہدایات کی تفصیل کا اندراج لازماً کروائیں۔
3. PEF کے مطابق ڈینگی سے بچاؤ کے لیے سکول میں گورنمنٹ کی مجوزہ ہدایات پر عمل درآمد کروائیں۔
4. سکول انتظامیہ تمام مانیٹرز کو درست/ صحیح معلومات ذمہ داری سے فراہم کریں۔مزید برآں دوران تصدیق غیر متعلقہ/کسی اور بچے کو تصدیق کے لیے پیش کرنا خلاف قانون ہے لہذا ایسے عمل سے اجتناب کریں۔
5. دوران مانیٹرنگ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے قوانین کے مطابق تمام ریکارڈ کی تیاری اور فراہمی سکول انتظامیہ کی ذمہ داری ہے جس میں اساتذہ اور طلباء حاضری رجسٹرز مع روزنامچہ،داخل وخارج رجسٹر، تنخواہ رجسٹر برائے اساتذہ،وزیٹرز رجسٹر اور اساتذہ کے تعلیمی کوائف اور تجربہ کی فائلز شامل ہیں۔
6. اصل سکول رجسٹریشن،بورڈ سے الحاق کا سرٹیفکیٹ،سکول کے بلڈنگ فٹنس اور ہیلتھ سرٹیفکیٹ اور سکول کی عمارت تبدیلی کا پیف کا جاری کردہ خط مانیٹرز کو دکھائیں۔
7. یاد رکھیں کہ دوران مانیٹرنگ ریکارڈ میں Lead Pencil سے اندراج/ تصحیح ریکارڈ کے لئے Whitener/Fluid/Over writing کا استعمال یا نامکمل کوائف کے اندراج کو PEF قوانین کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا۔
8. سکول بلڈنگ کی عمومی حالت بہتر بنائیں اور اسکی صفائی کروائیں۔
9. تازہ ترین اینٹی ہراسمنٹ پالیسی آویزاں کریں۔
10. بچوں اور اساتذہ کے لیے فرنیچر کا انتظام اور پینے کے صاف پانی کا اور Hygienic ٹوائلٹس کا مناسب انتظام کروائیں۔

تمام سکول مالکان/انتظامیہ سے گزارش ہے کہ کسی بھی پیف مانیٹر سے سکول کی حدود کے علاوہ کسی بھی دیگر جگہ پر ملاقات سے گریز کریں۔مزید برآں مانیٹر کو اپنے فرائض انجام دینے میں غیر ضروری تاخیری حربوں سے اجتناب کریں اور مکمل تعاون کے ساتھ مانیٹرنگ کے عمل کی کامیابی یقینی بنائیں۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر(ایم اینڈ ای)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A. Main Road,
Gulzar-e-Quaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town Multan,
Ph: 061-6216399

Scanned with CamScanner